# جماعت نہم اور جماعت دہم کے **Bio-Science** پرچہ سوالات کی تیاری کے لئے رہنمایانہ اصول:

☆ Bio-Science میں 40 نشانات مجموعی جانچ پرچہ سوالات کے لئے مختص کئے گئے ہیں۔

☆ مجموعی جانچ پرچہ سوالات میں دو حصے یعنی حصہ-A اور حصہ-B رہیں گے۔

☆ حصہ-A اور حصہ-B ذیل میں بتلائے گئے طریقے سے مختلف اقسام کے سوالات پر مشتمل ہوگا۔

| | سوالات کے اقسام | سوالات کی تعداد | اتنے سوالات کے جواب دیئے جائیں | ہر سوال کے لئے مختص کردہ نشانات | جملہ نشانات | مقرر کردہ وقت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حصہ-A | مختصر ترین سوالات (VSASI) | 03 | 03 | 02 | 06 | 1 گھنٹہ 15 منٹ |
| | مختصر جوابی سوالات (SAQ) | 03 | 03 | 04 | 12 | |
| | طویل جوابی سوالات (ER) | 03 | 02 | 06 | 12 | |
| حصہ-B | کثیر جوابی سوالات (MCQ) | 10 | 10 | 01 | 10 | 15 منٹ |
| | جملہ | 9+10(MCQ) | 8+10 (MCQ) | - | 40 | 1 گھنٹہ 30 منٹ |

اہم نوٹ:

☆ پرچہ سوالات کی تیاری 40 نشانات کے لئے کیجئے۔

☆ حصہ-A کے لئے مختص کردہ جملہ نشانات 30 ہیں۔

☆ حصہ-A کے لئے مقرر کردہ وقت 1 گھنٹہ 15 منٹ ہے۔

☆ حصہ-B کے لئے مختص کردہ جملہ نشانات 10 ہیں۔

☆ حصہ-B کے لئے مقرر کردہ وقت 15 منٹ ہے۔

☆ تعلیمی معیارات پر انحصار کرتے ہوئے پرچہ سوالات کی تیاری کی جانی چاہیئے۔

تعلیمی معیارات کے Weightage کو حسب ذیل جدول میں دیا گیا ہے۔

| AS کا نشان | تعلیمی معیارات | فیصد % | نشانات | VSAR 2M | SAQ 4M | Essay 6M | MCQ 1M | جملہ نشانات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| AS-1 | تصورات کی تفہیم | 40% | 18 | | | | | 18 |
| AS-2 | سوالات کرنا اور مفروضات قائم کرنا | 05% | 02 | | | | | 02 |
| AS-3 | تجربات اور حلقۂ عمل کے لئے مشاہدات | 18% | 09 | | | | | 09 |
| AS-4 | معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں اور منصوبہ کام | 8% | 04 | | | | | 04 |
| AS-5 | شکلیں اُتارنا، فلو چارٹس کے ذریعے تبادلہ خیال | 15% | 07 | | | | | 07 |
| AS-6 | توصیف، حیاتی تنوع کے تیئں غور وفکر، روزمرہ زندگی میں اطلاق | 14% | 06 | | | | | 06 |
| | جملہ | 100% | 40M (+6M Choice) | 3Q 6M | 3 12M | 3Q 12Marks (+6M Choice) | 10Q (10M) | 40M (+6M Choice) |

☆ تعلیمی معیارات کے Weightage کو تبدیل نہیں کیا جانا چاہئے۔

☆ ہر تعلیمی معیار کے لئے مختص کردہ نشانات کے مطابق ہی پرچہ سوالات کی تیاری کی جانی چاہیئے۔ اس تعلق سے کسی بھی قسم کا ردبدل نہیں کیا جانا چاہئے۔
مثال کے طور پر مکمل پرچہ سوالات میں AS-I یعنی تصورات کی تفہیم کے لئے تمام اقسام کے سوالات کو جملہ 18 نشانات مقرر کئے گئے ہیں۔ پرچہ سوالات کی تیاری کے دوران مقرر کردہ نشانات میں کسی بھی قسم کا ردبدل نہیں کیا جانا چاہئے۔

## Part-A

پارٹ-A تین سکشن پر مشتمل ہے۔ پہلا سکشن 3 مختصر ترین جوابی سوالات پر مشتمل ہے۔تمام سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے لئے دو(2) نشانات مقرر ہیں اوراس سکشن کے لئے جملہ نشانات 6 ہیں۔ جوابات کو 3 تا 4 جملوں میں لکھئے۔

☆ دوسرا سکشن 3 مختصر جوابی سوالات پر مشتمل ہے۔تمام سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے لئے چار نشانات مقرر ہیں اور اس سکشن کیلئے جملہ 12 نشانات ہیں۔ جوابات کو 5 تا 6 جملوں میں لکھئے۔

☆ تیسرا سکشن 3 طویل جوابی سوالات پر مشتمل ہے اور کوئی دو سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے لیے چھ (6) نشانات مقرر ہیں اور اس سکشن کے لئے جملہ 12 نشانات ہیں۔ جوابات کو 8 تا 10 جملوں میں لکھئے۔

## Part -B

☆ حصہ-B 10 کثیر جوابی سوالات پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لئے 1 نشان مقرر ہے اور اس حصہ کے لئے جملہ نشانات 10 ہیں۔ غیر واضح، دوبارہ یا مٹا کر لکھے گئے جوابوں کے نشانات نہیں دیئے جائیں گے۔

☆ حصہ-B کے کثیر جوابی سوالات کو مختلف نمونوں کے تحت تیار کرنا چاہیئے۔ جیسے درست بیان کی شناخت کیجئے۔ غلط بیان کی شناخت، صحیح جوڑی ہے۔ جوڑ، موزوں طریقے سے جوڑیئے، صحیح ترتیب، فلو چارٹ، غیر موجود نا مزد حصے، غلط جوڑ وغیرہ۔

☆ کثیر جوابی سوالات میں مزکورہ تمام، ان میں سے کوئی نہیں اور A اور B دونوں جیسے متبادلات نہیں دیئے جانے چاہئے۔

## عام ہدایات

☆ پرچہ سوالات کی تیاری کے دوران اس بات کا خیال رکھیں کہ مختص کردہ تمام یونٹ/اسباق/باب میں سے سوالات دیئے جائیں، لیکن پرچہ سوالات میں یونٹ/سبق کے لحاظ سے Weightage دینے کی ضرورت نہیں۔

☆ پرچہ سوالات میں دیئے گئے سوالات غور وفکر کو ابھارنے، تجزیاتی Open Ended اقسام کے ہوں۔ پرچہ سوالات میں رٹے رٹائے گئے حافظہ کے سوالات سے پرہیز کریں۔ سوالات طلباء کی وضاحتی سطح کی جانچ کرنے والے ہوں۔

☆ تمام سوالات غیر واضح یا مبہم نہیں ہونے چاہیئے اور حقیقی مقصد کے ساتھ انھیں واضح ہونا چاہیئے۔

☆ پرچہ سوالات میں معلومات اکٹھا کرنے کی مہارت (AS-4) کے سوالات کے سوا ذیلی سوالات نہیں دیئے جانے چاہیئے۔

☆ سوالات کے مختلف اقسام کی تیاری کے دوران جواب کے طول کو ذہن میں رکھنا چاہیئے۔

☆ پرچہ سوالات کی تیاری کے دوران اپنے اکتساب کو فروغ دیجئے'' کے تحت تدریسی کتاب میں دیئے گئے سوالات کو ہو بہو کاپی کرنے سے گریز کریں۔اوراُن سوالات کی نوعیت کو تبدیل کرتے ہوئے انھیں دوبارہ تیار کیا جاسکتا ہے۔

☆ مکمل پرچہ سوالات کو کچھ اس طریقے سے تیار کرنا چاہیئے کہ 50% سوالات آسان ہوں، 30% سوالات اوسط درجے کے ہوں اور باقی 20% سوالات اعلی درجے کی غور وفکر پر مبنی ہوں۔

| جملہ نشانات | MCQ 1M | Essay 6M | SAQ 4M | VSAQ 2M | نشانات | فیصد% | تعلیمی معیارات | AS کا نشان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 18 | 8 (1M) | 1 (6M) | 1 (4M) | - | 18 | 40% | تصورات کی تفہیم | AS-1 |
| 02 | - | - | - | 1(2M) | 02 | 05% | سوالات کرنا اور مفروضات قائم کرنا | AS-2 |
| 09 | 1 (1M) | 1 (6M) | - | 1 (2M) | 09 | 18% | تجربات اور حلقۂ عمل کے لئے مشاہدات | AS-3 |
| 04 | - | - | 1 (4M) | - | 04 | 8% | معلومات اکٹھا کرنے کی مہارتیں اور منصوبہ کام | AS-4 |
| 07 | 1 (1M) | 1 (6M) | - | - | 07 | 15% | شکلیں اُتارنا، فلو چارٹس کے ذریعے تبادلہ خیال | AS-5 |
| 06 | - | - | 1 (4M) | -1 (2M) | 06 | 14% | توصیف، حیاتی تنوع کے تئیں غور وفکر، روزمرہ زندگی میں اطلاق | AS-6 |
| 40M (+6M Choice) | 10Q (10M) | 3Q 12Marks (+6M Choice) | 3 12M | 3Q 6M | 40M (+6M Choice) | 100% | جملہ | |

Model Question Paper for X - 2022-23

# General Science (Bio Science Part-II)

Time : 1:30 Hours | Clsas: X | Maximum Marks : 40

ہدایات: (1) ہرسوال کا بغور مطالعہ کیجئے اور مقررہ وقت 1:30 گھنٹے میں اُن کے جوابات لکھئے۔

(2) پارٹ -A میں دیئے گئے سوالوں کے جواب دی گئی جوابی بیاض میں لکھئے۔

(3) پارٹ -A تین سیکشن یعنی II،I اور III پر مشتمل ہے۔

(4) پارٹ -B کے جوابات دی گئی قوسین میں ہی لکھئے اور اس کو پارٹ -A کے جوابی بیاض کے ساتھ منسلک کیجئے۔

(5) ہر سیکشن میں دی گئی ہدایات کے مطابق ہی جواب لکھئے۔

---

## Part - A

Time : 1 Hour 15 Minutes | Maximum Marks : 30

**3 x 2 = 6** سیکشن -I

ہدایات:

(i). یہ سیکشن 3 مختصر ترین جوابی سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii). تمام سوالات کے جواب دیجئے۔

(iii). جواب کو 3-4 جملوں میں لکھئے۔

(iv). ہر سوال کے لئے دو (2) نشانات مقرر ہیں۔

1. طویل قامت درختوں میں اگر عملِ سریان واقع نہ ہو تو کیا ہوگا؟

2. پستانئے کے دل کی اندرونی ساخت کا مشاہدہ کرنے کے لئے درکار اشیاء لکھئے؟

3. روزمرہ زندگی میں بدہضمی (Indigestion) سے بچنے کے لئے اختیار کئے جانے والے عام اصولوں کے بارے میں لکھئے؟

**3 x 4 = 12** سیکشن -II

ہدایات:

(i). یہ سیکشن 3 مختصر جوابی سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii). تمام سوالات کے جواب دیجئے۔

(iii). جواب کو چار تا چھ (6 - 5) جملوں میں لکھئے۔

(iv). ہر سوال کے لئے چار (4) نشانات مقرر ہیں۔

4. ڈارون کے نظریۂ ارتقاء (Darwin's Theory of Evolution) کو ثابت کرنے کے لئے کوئی تین شواہد لکھئے۔

5. ذیل میں دیئے جدول کا مشاہدہ کیجئے اور درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے ؟

| دروں افرازی غدود | ہارمون | ہارمون کے اثرات |
|---|---|---|
| برگردوی (Adrenal) | ایڈری نیلن | جذبات |
| نخاعی (Pitutary) | جسم رخی | نمو |
| بیضدان (Ovary) | ایسٹروجن | ثانوی جنسی خصوصیات |
| انثیہ (Testis) | ٹسٹوسٹیرون | ثانوی جنسی خصوصیات |

(i). کونسا ہارمون خصوصی طور پر صرف عورتوں میں ہی موجود ہوتا ہے؟

(ii). وہ کونسا ہارمون ہے جو مردوں میں ثانوی جنسی خصوصیات کے نمو کا ذمہ دار ہے؟

(iii). مردوں اور عورتوں دونوں میں موجود دروں افرازی غدودوں کی شناخت کیجئے۔

6. آپ کی روزمرہ زندگی میں قدرتی وسائل کے تحفظ کے لئے اختیار کئے جانے والے کوئی تین اقدامات لکھئے؟

## سیکشن -III 2 x 6 = 12

ہدایات:

(i). یہ سیکشن 3 طویل جوابی سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii). کوئی دو سوالات کے جواب دیجئے۔

(iii). ہر سوال کا جواب 8 تا 10 جملوں میں لکھئے۔

(iv). ہر سوال کے لئے پانچ (6) نشانات مقرر ہیں۔

7. دوہر دوران کیا ہے۔ قلبی دور (Cardiac Cycle) کو بیان کیجئے؟

8. پتوں میں نشاستے کی موجودگی کو ثابت کرنے والا تجربہ کا طریقہ کار اور احتیاطی اقدامات کو بیان کیجئے؟

9. دھتورا پھول کا نامزد خاکہ اُتاریئے اور اس کے ضروری و لازمی حصوں کو بیان کیجئے؟

## General Science (Bio Science Part-II)

## Part B

**Time : 15 Minute** **Class: X** **Maximum Marks : 10**

ہدایات: **(1)** پارٹ **B** کے سوالات کے جواب پرچہ سوالات میں ہی لکھئے۔اور اُسے پارٹ-**A** کے جوابی بیاض کے ساتھ منسلک کیجئے۔

**(2)** ہر سوال کے لئے ایک **(1)** نشان مقرر ہے۔

**(3)** ان جوابوں کے نشانات نہیں دیئے جائیں گے جو غیر واضح، دوبارہ یا مٹا کر لکھے گئے ہوں۔

**(4)** ہر سوال کے لئے دیئے گئے چار متبادل میں سے درست متبادل کا انتخاب کیجئے اور اس کے متعلقہ حرف **(A/B/C/D)** کو قوسین میں لکھئے۔

1. ذیل میں گردے کے فعل کی شناخت کیجئے۔ (   )

(A) تنفس (B) دوران

(C) تولید (D) اخراج

2. غیر ہوا باش تنفس کو ثابت کرنے کے تجربے میں استعمال کردہ شئے ہے۔ (   )

(A) ایتھنال (B) پوٹاشیم ہائیڈرو آکسائیڈ(KoH)

(C) آیوڈین (D) ایسٹ

3. موزوں طریقے سے جوڑیئے۔ (   )

(a) نیماٹوڈا (i) شعلہ نما خلیے

(b) ایکائینوڈرمیٹا (ii) Renette خلیے

(c) پلاٹی ہلمنتھس (iii) میٹانیفریڈیا

(d) مولسکا (iv) واٹرویسکولر / آبی وکائی نظام

(A) i-d, iii-c, iv-b, ii-a (B) iv-d, i-c, ii-b, iii-a

(C) iii-d, i-c, iv-b, ii-a (D) iii-d, iv-c, ii-b, i-a

4. اُس خون کی نالی کی شناخت کیجئے جو غیر آکسیجنی خون لے جاتی ہے۔ (   )

(A) نظامی شریان(Systemic artery) (B) اکلیلی شریان(Coronary artery)

(C) ششی ورید(Pulmonary vein) (D) ششی شریان(Pulmonary artery)

5. نخاعی غدود کے ذریعہ افراز ہونے والے ہارمونس کی جوڑی کی شناخت کیجئے۔ (   )

(A) جراب محرک ہارمون؛ ایسٹروجن (B) پروجسٹرون؛ اڈری نیلن

(C) اڈری نیلن؛ مولدی رخی (D) جراب محرک ہارمون؛ ویاسوپریسن

6. ذیل میں سے صحیح جملے کی شناخت کیجئے۔ (  )

(A) کچلی دانت غذا کو پیسنے میں مدد کرتے ہیں۔

(B) گرہان ہارمون بھوک کی ڈوس کے لئے پیدا کرتا ہے۔

(C) ذائقے کے درمیان کوئی رشتہ نہیں ہوتا۔

(D) ہارمون بھوک کی ڈوس کے لئے سرکہ پیدا کرتا ہے۔

7. نتھنے ⇦ بلعوم ⇦ حنجرہ ⇦ شعبیہ ⇦ شعبیہ خلیہ ⇦ جوفیرہ ⇦ خون

مذکورہ بالا ترتیب میں خالی خانوں کے لئے درست الفاظ کی شناخت کیجئے۔ (  )

(A) نرخرہ؛ انفی کہنہ (B) انفی کہنہ؛ ہرمزمار

(C) انفی کہنہ؛ نرخرہ (D) ہرمزمار؛ جوفیرہ

8. ذیل میں سے پانی میں حل پذیر حیاتین کی جوڑی کی شناخت کیجئے۔ (  )

(A) کیلسیفیرال - نیامین (B) ریٹینال - تھیامین

(C) بائیوٹین- ایسکوربک ترشہ (D) پیانٹوتھینک ترشہ- ٹوکوفیرال

9. آپ کی روزمرہ زندگی میں رنگ و روغن (Varnishes) کی تیاری میں استعمال کردہ پودوں کے ثانوی تحولی مرکب کی شناخت کیجئے۔ (  )

(A) ریزن (Rasin) (B) ٹیانن (Tanin)

(C) دودھ (Latin) (D) قلیاسات (Alkaloids)

10. ذیلی خاکے میں بتلائے گئے خطی تقسیم کے مرحلے کی شناخت کیجئے۔ (  )

(A) پروفیز (B) میٹافیز

(C) انافیز (D) ٹیلو1فیز

This document was created with the Win2PDF “Print to PDF” printer available at

https://www.win2pdf.com

This version of Win2PDF 10 is for evaluation and non-commercial use only.
Visit https://www.win2pdf.com/trial/ for a 30 day trial license.

This page will not be added after purchasing Win2PDF.

https://www.win2pdf.com/purchase/